## سوال

(653)جن اور نظر بد کا انسان پر اثر

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جن کا انسان پر اور انسان کا جن پر کیا اثر پڑتا ہے ، نیز حاسد کی نظر کا محسود پر کیا اثر پڑتا ہے ؟

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

جن کا انسان پر اور انسان کا جن پر نیز حاسد کی نظر کا محسود پر اثر ایک مشہور بات ہے جو حالات وواقعات سے ثابت ہے لیکن یہ سب کچھ اللہ تعالی کے شرعی نہیں بلکہ کونی وقدری حکم کے تحت ہوتا ہے ۔ حاسد کی نظر کا محسود پر اثر فعلاثابت ہے اور لوگوں میں مشہور ومعروف ہے ۔ صحیح حدیث میں ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا :

«اَلْعَيْنُ حَقٌّ، وَلَوْكَانَ شَيْءٌ سَابَقَ الْقَدَرَ سَبَقَتْهُ الْعَيْنُ ، ( صحيح مسلم ، السلام ، باب الطب والمرض والرقى ، ح : 2188)

''نظر بد برحق ہے اور اگر کوئی چیز تقدیر سے سبقت لے جانے والی ہوتی تو وہ نظر بد تھی''

نبی ﷺ نے یہ بھی فرمایا ہے :

«لَارُقْيَةَ اِلَّا مِن عَيْنٍ اَوْحُمَةٍ» ( صحيح البخاري ، الطب ، باب من اكتوى اوكوى غيره ۔ ۔ ۔ ۔ الخ ح : 5705 و صحيح مسلم ، الايمان ، باب الدليل على دخول طوائف من المسلمين ۔ ۔ ۔ الخ ، ح220)

''دم، نظر بد کا بخار ہی کی وجہ سے ہوسکتا ہے ۔''

اس مسئلہ سے متعلق بہت سی احادیث ہیں ۔ ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالی ہمیں صحت وعافیت عطا فرمائے اور حق پر ثابت قدم رکھے ۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

## ج4ص498

محدث فتویٰ